جدید اضافہ شدہ ایڈیشن

پریشانی، مشکلات، بے اولادی، جادو، نظر بد وغیرہ کیلئے مجرب

# مستند وظائف و مجربات

تالیف

محمد سلطان افضل

(ایڈمن اسلامی کتابیں)

نظر ثانی

شیخ الحدیث مفتی عبدالوکیل ناصر صاحب

شیخ الحدیث ابو انس طیبی صاحب

شیخ اویس ادریس العاصم صاحب

پروفیسر حافظ محمد عدیل احمد گرجاکھی صاحب

معاون

شیخ وقاص شیرازی صاحب

و دیگر اکابر علماء کرام








بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مستند

# وظائف و مجربات

تالیف


محمد سلطان افضل

(ایڈمن اسلامی کتابیں)

رابطہ نمبر: 0300-0839931


نظر ثانی

شیخ الحدیث مفتی عبدالوکیل ناصر صاحب　　شیخ الحدیث ابو انس طیبی صاحب

شیخ اویس ادریس العاصم صاحب　　پروفیسر حافظ محمد عدیل احمد گرجاکھی صاحب

معاون

شیخ وقاص شیرازی صاحب

و دیگر اکابر علماء کرام





کتاب کا نام: مستند وظائف مجربات

مرتبہ: محمد سلطان افضل

نظر ثانی: شیخ الحدیث مفتی عبدالوکیل ناصر صاحب
شیخ الحدیث ابو انس طیبی صاحب
شیخ اویس ادریس العاصم صاحب
پروفیسر حافظ محمد عدیل احمد گرجھاکی صاحب

معاونین: شیخ وقاص شیرازی صاحب
ودیگر اکابر علماء کرام


کمپوزنگ: حافظ فہد بن ابو یاسر عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ

ناشر: اسلامی کتابیں گوجرانولہ

ملنے کا پتہ

سلطان افضل گوجرانولہ

سیالکوٹ روڈ جگنہ بازار گوجرانولہ 0300-0839931



# انتساب

یہ کتاب میں اپنی والدہ محترمہ رحمۃ اللہ علیہا، اپنے دادا جان رحمۃ اللہ علیہ، دادی جان رحمۃ اللہ علیہا، اپنے بڑے بھائی رحمۃ اللہ علیہ، زوجہ اسماعیل توفیت اور عزیز دوست ابو یاسر عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ کے نام کرتا ہوں۔ یہ وہ پیارے لوگ تھے جن کی دعاؤں، محبتوں اور خاموش تربیت نے میری زندگی کو سنوارا اور جن کی یاد آج بھی میرے دل کو سکون دیتی ہے۔ان کے جانے کے بعد بھی ان کی نصیحتیں، ان کی شفقت اور ان کی دعاؤں کی خوشبو میرے ساتھ ہے۔ جب بھی کوئی مشکل آتی ہے، دل انہی کی دعاؤں کے سائے کو محسوس کرتا ہے۔

اے اللہ ان سب مرحومین پر اپنی بے شمار رحمتیں نازل فرما۔ ان کی قبروں کو نور، سکون اور رحمت سے بھر دے۔ ان کی مغفرت فرما، ان کے درجات بلند فرما، اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرما۔

یا رب! ہمیں بھی خلوص، محبت اور دین کے راستے پر ہمیشہ قائم رکھنا اور ہمیں ہمیشہ حق سچ کے اس راستے پر ثابت قدم رکھنا جو قرآن اور حدیث سے ثابت ہو۔

میرے لئے خصوصی دعا کیجئے گا اللہ مجھے صحت ایمان والی لمبی زندگی عطاء فرمائے ہر قسم کے شریر کی شر سے محفوظ فرمائے۔

آمین یارب العالمین



## مختصر اور روحانی نوٹ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

تمام تعریفیں اس ذات کیلئے ہیں جو ہر دل کی حالت جانتا ہے اور ہر دعا کو سنتا ہے۔ درود وسلام ہو ہمارے نبی کریم ﷺ پر، جن کی تعلیمات ہر مشکل میں رہنمائی کا سرچشمہ ہیں۔ پچھلے ایڈیشن میں کچھ چھوٹے نقائص تھے، اَلْحَمْدُ لِلّٰه، اس جدید ایڈیشن میں علماء کرام کی موجودگی میں وہ سب درست کر دیئے گئے ہیں۔

جو بھائی اعتراض کرتے ہیں، اللہ ان کا بھلا کرے، وہ بس یہ دیکھیں کہ جو بھی کتابچہ میں درج ہے قرآن وسنت کے خلاف تو نہیں، اگر کچھ ملے تو ہماری رہنمائی فرمادیں ہم فوراً اصلاح کریں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

اس ایڈیشن میں ہر مجرب وظیفہ کے ساتھ اگر وہ قرآنی آیت یا حدیث سے ثابت دعا ہے تو ساتھ حوالہ بھی درج کر دیا گیا ہے۔ تاکہ پڑھنے والے کو یقین، سکون اور روحانی فائدہ حاصل ہو سکے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن وسنت کی صحیح سمجھ عطا فرمائے اور ہر قسم کی حسد، نظر، شیطانی شر سے محفوظ فرمائے۔ آمین۔



## نوٹ......:

کتابچہ میں بیان کئے گئے زیادہ تر وظائف مجربات ہیں اور ان کو پڑھنے کی تعداد بھی تجربات پر مبنی ہے۔ وظائف اور دعائیں جتنی کثرت سے پڑھیں گے، اتنی ہی خیر، برکت اور اثر حاصل ہوگا۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

”یہ قرآن جو ہم نازل کر رہے ہیں مومنوں کے لئے تو سراسر شفا اور رحمت ہے۔“(سورۃ الاسراء:82)


اور اگر کہیں کوئی کمی یا غلطی ہو جائے تو براہِ کرم اصلاح فرما دیں۔


جزاکم اللہ خیرا








## فہرست















## کتابچہ کے نام پر اعتراض کرنے والے بھائی متوجہ ہوں


''مستند وظائف ومجربات'' کے بارے میں بعض حضرات یہ سوال اٹھاتے ہیں کہ ''مستند'' کا مطلب صرف وہی ہونا چاہیے جو قرآن وحدیث سے ثابت ہو۔ اس سلسلے میں علماء کرام کی رہنمائی کی روشنی میں وضاحت پیش کی گئی ہے۔

لفظ ''مستند'' کا معنی ہمیشہ ایک ہی نہیں ہوتا بلکہ عربی زبان کے اعتبار سے اس میں وسعت ہوتی ہے۔ یہاں ''مستند'' سے مراد یہ ہے کہ اس کتابچہ میں درج تمام وظائف قرآن وسنت کے خلاف نہیں ہیں۔

رقیہ اور وظائف کا بنیادی اصول ایک ہی ہے۔جس میں شرک نہ ہو وہ جائز ہے۔اس پر صحیح مسلم کی واضح دلیل موجود ہے۔

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا ہم زمانۂ جاہلیت میں دم کیا کرتے تھے۔ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اپنے دم کے کلمات میرے سامنے پیش کرو، دم میں کوئی حرج نہیں جب تک اس میں شرک نہ ہو۔'' (صحیح مسلم:2200)



## پیشِ لفظ (دیباچہ)

انسانی زندگی آزمائشوں اور کشمکش کا مجموعہ ہے۔ کبھی حالات کی بے رخی انسان کو تھکا دیتی ہے تو کبھی دلی اضطراب اسے بے چین کر دیتا ہے۔ ان تمام حالات میں ایک مومن کا سب سے بڑا سہارا اپنے رب سے تعلق اور اس کی بارگاہ میں دعا و التجا ہے۔

ذکرِ الٰہی اور مسنون وظائف دراصل وہ کلید (چابی) ہیں جو بندے کے لیے رحمتِ خداوندی کے دروازے کھول دیتے ہیں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''تم میرا ذکر کرو، میں بھی تمہیں یاد کروں گا۔'' (سورۃ البقرہ:152)

مگر اس یاد اور پکار کے لیے ضروری ہے کہ انسان ان طریقوں کو اپنائے جو قرآن و سنت اور بزرگانِ دین کے مستند تجربات سے ثابت ہوں۔

زیرِ نظر کتاب ''مستند وظائف ومجربات'' اسی ضرورت کو پورا کرنے کی ایک عاجزانہ کوشش ہے۔ اس مجموعے کی تالیف میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ تمام وظائف اور اذکار مستند ذرائع سے ماخوذ ہوں۔

اعمال میں سہولت اور تاثیر دونوں کا پہلو نمایاں رہے۔

اور سب سے بڑھ کر یہ کہ قاری کا ذہن صرف الفاظ تک محدود نہ رہے، بلکہ اس کے اندر اللہ کی عظمت اور بھروسے کا یقین پیدا ہو۔




یاد رکھیے! وظیفہ صرف چند الفاظ کی گردان نہیں، بلکہ اللہ کی قدرت پر کامل یقین کا نام ہے۔ جب یقین کامل ہو اور نیت خالص ہو۔تو رب کریم ناممکن کو بھی ممکن بنا دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ میری اس ادنیٰ سی کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، اسے میرے لیے توشۂ آخرت بنائے اور تمام قارئین کے لیے خیر، برکت اور مسائل کے حل کا ذریعہ بنائے۔ (آمین)

محمد سلطان افضل

(ایڈمن اسلامی کتابیں)

0300-0839931



## مقدمہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ


اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ أَجْمَعِیْنَ۔

میرے پیارے قارئین!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ......!

یہ کتابچہ ''مستند وظائف مجربات'' آپ کے ہاتھوں میں ایک سچا ساتھی بن کر آیا ہے۔ اس کا واحد مقصد مسلمانوں کی رہنمائی، حفاظت اور دنیا و آخرت کی بھلائی ہے۔ آج کے دور میں جب نام نہاد عامل، جھاڑ پھونک کرنے والے اور درباروں کے چکر لگانے والے لوگوں کے دلوں میں خوف بھر کر انھیں لوٹ رہے ہیں، جب ماں باپ اولاد کی آرزو میں مزاروں اور پیروں کے پیچھے دوڑتے ہوئے خود کو، اپنی بیویوں اور بچوں کو مشکلات میں دھکیل رہے ہیں ایسے میں یہ کتابچہ علم کی روشنی میں مستند، مجرب، اسلامی اور آسان وظائف پیش کرتا ہے جو آپ خود، اپنے گھر میں، مکمل ایمان اور اللہ پر پختہ یقین کے ساتھ کر سکتے ہیں۔

ہر مشکل کشائی، رزق، عزت، اولاد، صحت اور خوشی کا مالک صرف اور



صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ وظائف کرنے سے پہلے یہ بنیادیں مضبوط کرلیں۔

## توحید پر پختگی:

اللہ ایک ہے، اس کے علاوہ کوئی داتا یا مشکل کشا نہیں۔ کوئی اولاد دینے والا نہیں۔

يَاۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ

''اے ایمان والو! فرمانبرداری کرو اللہ تعالیٰ کی اور فرمانبرداری کرو رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی۔'' (سورۃ النساء:59)

## پانچ وقت کی نماز، فرائض، سنن، نوافل کی پابندی:

دل کی صفائی، تکبر، غیبت، حسد، بغض، کسی کے لیے برا سوچنا دل سے نکال دیں۔

رزق حلال کمائیں چاہے کتنی ہی تنگی آئے، حرام کا ایک لقمہ بھی نہ کھائیں۔ حرام آپ کی زندگی کی تمام نعمتوں کا جوہر اڑا دیتا ہے، آپ انسان سے جانور بن جاتے ہیں۔ حرام ہمیشہ آپ کی بھوک بڑھا دیتا ہے۔ یہ آپ کی نیند میں اضافہ کرتا ہے، یہ آپ کے جسم میں بو پیدا کرتا ہے، یہ آپ کا دل تنگ کر دیتا ہے، یہ آپ کی سوچ کو چھوٹا کر دیتا ہے، یہ آپ کی نیند کو پھیلا دیتا ہے اور یہ آپ کی روح سے سکون کھینچ لیتا ہے۔

یہ ستون جب مضبوط ہوں گے، تو ان شاء اللہ ہر وظیفہ آپ کے لیے برکت اور کامیابی کا دروازہ کھول دے گا۔



یہ کتابچہ کوئی جادو یا تعویذ نہیں، بلکہ علم اور محنت کی روشنی میں آزمودہ دعائیں اور وظائف ہیں۔ انھیں خلوص دل، یقین کامل اور شرعی طریقے سے کریں۔ شرک، بدعت اور نام نہاد عاملوں سے مکمل دوری اختیار کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ایمان، عمل اور توکل کے بدلے دنیا و آخرت میں خیر، برکت، آسانیاں اور حفاظت عطا فرمائے گا۔ ان شاء اللہ

یہ کتاب ایک رہنما ہے کامیابی کا اصل ذریعہ اللہ کی مدد اور اس کی رحمت ہے۔

اخوکم فی الدین

محمد سلطان افضل

(ایڈمن اسلامی کتابیں)



## آپ ﷺ کی زبان مبارک سے جنت میں لے جانے والے کلمات

# سَيِّدُ الِاسْتِغْفَارِ

آپ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے اس استغفار پر یقین رکھتے ہوئے دل کی گہرائی سے اسے پڑھا پھر شام ہونے سے پہلے اسی دن اس کا انتقال ہو گیا تو وہ جنتی ہے اور جس نے الفاظ پر یقین رکھتے ہوئے رات کے وقت ان کو پڑھ لیا، پھر اس کا صبح ہونے سے پہلے انتقال ہو گیا تو وہ جنتی ہے۔''

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّي لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ، وَأَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، أَبُوءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَأَبُوءُ لَكَ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي، فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ۔

''اے اللہ تو میرا رب ہے۔ تیرا ہی بندہ ہوں۔ میں ان بری حرکتوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں جو میں نے کی ہیں۔ جو تیری نعمتیں ہیں میں ان کا اقرار کرتا ہوں اور میں اپنے گناہوں کا بھی اعتراف کرتا ہوں۔ میری مغفرت کر دے۔ بلاشبہ تیرے سوا کوئی بھی گناہ معاف کرنے والا نہیں۔'' (صحیح بخاری:6306)



## بری تقدیر سے بچنے کا وظیفہ

(مجرب)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ جَھۡدِ الۡبَلَاءِ، وَدَرَكِ الشَّقَاءِ، وَسُوءِ الۡقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الۡأَعۡدَاءِ۔

''اے اللہ میں سخت آزمائش، بدبختی کو پہنچنے، بری تقدیر اور دشمنوں کی خوشی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔(صحیح بخاری: 6347، صحیح مسلم: 2707)

ہر نماز کے بعد 7 مرتبہ پڑھیں۔

## دین پر ثابت قدمی کیلیے

یَامُقَلِّبَ الۡقُلُوبِ، ثَبِّتۡ قَلۡبِی عَلَی دِینِكَ۔


''اے دلوں کو پھیرنے والے، میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ۔'' (جامع ترمذی: 2140، مسند احمد: 12107)

کثرت سے پڑھا کریں۔

## کاروبار میں پریشانی اور پیسے بھی نہ ملیں

(مجرب)

کاروبار میں پریشانی اور پیسے بھی نہ ملتے ہوں تو صبح شام ایک تسبیح اکھٹی ملا کر پڑھا کریں۔



سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِہٖ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى..... مکمل درود ابراہیمی

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

ان شاء اللہ بہت جلد اللہ آسانیاں پیدا فرما دے گا۔

## ٹینشن سے ہاتھ پاؤں کانپنے لگ جائیں

(مجرب)

دل پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پھونک دیں اور روزانہ کی بنیاد پر 313 مرتبہ پڑھیں:

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ۔

گناہ سے بچنے کی کوئی طاقت نہیں اور نیکی کرنے کی کوئی قوت نہیں مگر اللہ کی مدد اور توفیق سے۔ (صحیح بخاری:6409)

## تقویٰ حاصل کرنے کیلئے دعا

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى۔

''اے اللہ میں تجھ سے ہدایت، تقویٰ، پاکدامنی اور بے نیازی مانگتا ہوں۔'' (صحیح مسلم:2721)



## وظیفہ برائے حاملہ (آخری مہینہ)

(مجرب)

حاملہ عورت سورۃ بقرہ کی آخری دو آیات اور

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ

"اے زندہ اور سب چیزوں پر قائم رہنے والا اللہ۔" (جامع ترمذی:3524)

کثرت سے پڑھتی رہے۔

مزید خشک، چٹ پٹی چیزوں سے پرہیز، دیسی گھی اور زیتون کا استعمال کرے۔

## بے قراری، گھبراہٹ اور پریشانی کیلئے


(مجرب)

کثرت سے درج ذیل دعائیں پڑھتا رہا کریں۔

لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ. لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ. لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ، وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ۔ (صحیح بخاری:6346)

"اللہ صاحب عظمت اور بردبار کے سوا کوئی معبود نہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو عرش عظیم کا رب ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو آسمانوں اور زمینوں کا رب ہے اور عرش عظیم کا رب ہے۔"

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا، وَآمِنْ رَوْعَاتِنَا۔



''اے اللہ، ہماری پردہ والی چیزوں کی حفاظت فرما اور ہماری گھبراہٹوں کو امن میں بدل دے۔'' (سنن ابی داؤد: 5074)

## کوئی نیک کام جلد ہو جائے

(مجرب)

اس وظیفے کو کثرت سے پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ لَاسَهْلَ إِلَّا مَاجَعَلْتَهُ سَهْلًا وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلًا۔

''اے اللہ! کوئی چیز آسان نہیں مگر وہ جسے تو آسان کر دے، اور تو چاہے تو مشکل کو بھی آسان بنا دے۔'' (ابن حبان: 2427)


## بڑھاپے میں رزق کی تنگی سے بچنے کیلئے

(مجرب)

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ فَإِنَّهُ لَا يَمْلِكُهَا إِلَّا أَنْتَ۔ (سلسلہ احادیث صحیحہ ترقیم البانی: 1543)

''اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل اور رحمت کا سوال کرتا ہوں، کیونکہ ان کا مالک تیرے سوا کوئی نہیں۔''

کثرت سے پڑھتے رہا کریں۔





## بخار کیلئے وظیفہ

(مجرب)

بِسْمِ اللهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ. (3 مرتبہ)

سورۃ فاتحہ (1 مرتبہ)

اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ عَنَّا الرِّجْزَ. (3 مرتبہ)

"اے اللہ ہم سے ہر برائی، آفت اور وبا کو دور فرما۔"

آیت الکرسی (3 مرتبہ)


سورۃ البقرہ: 255

بِاسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ اللهُ يَشْفِيكَ بِاسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ.

(3 مرتبہ)

"میں اللہ کے نام سے آپ کو دم کرتا ہوں، ہر چیز سے (حفاظت کے لئے) جو آپ کو تکلیف دے، ہر نفس اور ہر حسد کرنے والی آنکھ کے شر سے، اللہ آپ کو شفا دے، میں اللہ کے نام سے آپ کو دم کرتا ہوں۔" (صحیح مسلم: 2186)

پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ اللہ تعالیٰ اپنی خاص رحمت سے صحت عطاء فرمادے گا ان شاء اللہ۔



## ایسی بیماری جس کی سمجھ نہ آتی ہو

(مجرب)

تہجد کے ٹائم آب زم زم سامنے رکھ کر ایک مرتبہ درود ابراہیمی اور (45 مرتبہ) سورۃ فاتحہ پھر آخر پر درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے استعمال کریں۔

اللہ بہت خیر کرے گا۔ان شاء اللہ

## چہرے پر نور کیلئے

(مجرب)

درود شریف پڑھیں زیادہ سے زیادہ اور سات مرتبہ

اَللّٰهُمَّ احْفَظْ عَيْنِي، وَطَهِّرْ قَلْبِي، وَحَصِّنْ فَرْجِي.

''اے اللہ میری آنکھوں کی حفاظت فرما، میرے دل کو پاک کر اور میری شرمگاہ کی حفاظت فرما۔''


ہاتھ پر پھونک کر چہرے پر پھیر لیں۔

## مشکلات کے حل کیلئے

(مجرب)

جمعہ کے روز نماز عصر کے بعد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ



اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت جاری رکھیں اور آخر میں خشوع سے اللہ سے دعا مانگیں مغرب تک۔

## رزق پیکج کیلئے چار مجرب ذکر

(مجرب)

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ......مکمل درود ابراہیمی

رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿۲۴﴾

"اے میرے رب، تو جو بھی بھلائی میری طرف نازل فرمائے، میں اس کا محتاج ہوں۔" (سورۃ القصص:24)

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

"اللہ پاک ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہے۔"

## حسد سے بچنے کا وظیفہ

(مجرب)

ہر وقت استغفار کرتے رہیں اور روزانہ 313 مرتبہ پڑھا کریں۔

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ۔

"میں اللہ کی پناہ میں آتا/آتی ہوں شیطان مردود سے۔"



## عزت، ترقی، بہتری کیلئے بہترین وظیفہ

(مجرب)


اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَ نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔ (سنن ابی داؤد 1537)

''اے اللہ ہم آپ کو ان کے بال مقابل کرتے ہیں اور ان کے شر (برائیوں) سے آپ کی پناہ طلب کرتے ہیں۔''

اور یہ دعا کثرت سے پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِيْ فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، إِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَإِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ۔

''اے اللہ مجھے ہدایت دے ان لوگوں کے ساتھ جن کو تو نے ہدایت دی، مجھے عافیت دے ان لوگوں کے ساتھ جن کو تو نے عافیت دی، مجھے دوست بنا ان لوگوں کے ساتھ جن کو تو نے دوست بنایا، جو کچھ تو نے مجھے عطا فرمایا اس میں برکت فرما، اور مجھے اس چیز کے شر سے محفوظ رکھ جو تو نے مقدر کیا ہے، اس لئے کہ تو ہی فیصلہ کرتا ہے، تجھ پر کوئی حکم نہیں چلا سکتا، جس کو تو دوست رکھے وہ کبھی ذلیل



نہیں ہو سکتا، اور جس سے تو دشمنی رکھے وہ کبھی عزت نہیں پا سکتا، اے ہمارے رب! تو برکت والا اور بلند و بالا ہے۔"

(سنن أبو داود: 1425)، مسند أبي داود الطيالسي: 1275)، مسند أحمد بن حنبل: 1723، 1727) صحیح

## بے روزگار اور کام کی تلاش کیلئے

(مجرب)

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ (صحیح مسلم 2694)

"اللہ پاک ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہے۔"

جتنا ہو سکے کثرت سے پڑھیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد خیر ہو گی

## قرض واپس لینا ہو تو

(مجرب)

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ

"اللہ کے سوا نہ کسی برائی سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ کوئی نیکی کرنے کی قوت۔" (صحیح بخاری: 6409)

کثرت سے پڑھیں اور روزانہ ایک ہی جگہ پر بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

"شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔"



## گھبراہٹ کیلئے وظیفہ

(مجرب)

گھبراہٹ کیلئے دل پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں اور کثرت سے پڑھتے رہا کریں۔

سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ۔ (سنن ابوداؤد 5091)

"اللہ عظمت والا پاک ہے اور اسی کی تعریف ہے۔"

## سوتے وقت جب خوف سے جھٹکے لگیں

(مجرب)

ایک سو ایک مرتبہ روزانہ یا اس سے بھی زیادہ پڑھا کریں۔


اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

"اے اللہ! ہم تجھے ان کے مقابل کھڑا کرتے ہیں اور ان کے شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔" (سنن ابی داؤد 1537)

## ضدی بچے کیلئے

(مجرب)

سورۃ فاتحہ (41 مرتبہ) اول آخر درود ابراہیمی پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچوں کو پلادیں اور بچے کی طہارت و پاکیزگی کا مکمل خیال رکھیں یہ مجرب ہے۔



## چہرے پر دانے وغیرہ ہوں تو

(مجرب)

چکوترے اور مسمی کا رس پیئیں اور ہاتھ پر پانی لے کر سورۃ فاتحہ 7 مرتبہ پڑھ کر چہرے پر مل لیں اور آب زم زم چہرے پر ملنے سے اللہ تعالیٰ خیر کرے گا۔ ان شاء اللہ

## ناف کیلئے وظیفہ

سرسوں کا تیل لیکر اس پر سورۃ فاتحہ (21 مرتبہ)

درود ابراہیمی 21 مرتبہ اور 7 مرتبہ یہ دُعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ.

"اللہ ہم آپ کو ان کے بال مقابل کرتے ہیں اور ان کے شر (برائیوں) سے آپ کی پناہ طلب کرتے ہیں۔" (سنن ابی داؤد 1537)

پڑھ کر دم کریں اور ناف میں لگالیں۔ اللہ خیر کرے گا۔ ان شاء اللہ

## کمزور نظر اور آنکھوں کیلئے

(مجرب)

سات مرتبہ سورۃ فاتحہ، گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور سات دفعہ یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے آنکھوں پر چھینٹے ماریں۔ ان شاء اللہ چند روز میں



اللہ شفاء عطا فرمادے گا۔

فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ

''ہم نے تجھ سے تیرا پردہ ہٹا دیا، پس آج تیری نگاہ بہت تیز ہے۔''

(سورۂ ق:22)

## اٹھرا کیلئے وظیفہ

(مجرب)

اوّل آخر درود شریف اکتالیس مرتبہ، سورۃ فاتحہ اکتالیس مرتبہ، یہ دعا پڑھ کر خاتون اور پانی پر دم کریں۔ اللہ تعالیٰ شفاء عطا فرمائے گا۔ ان شاء اللہ

رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ۔ (سورۂ الانبیاء:89)

''اے میرے رب! مجھے اکیلا نہ چھوڑ، اور تو سب سے بہتر وارث ہے۔''

## نومولود بچوں کیلئے

یہ آیت پڑھ کر بچوں کو دم کریں۔

رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ ﴿٩٧﴾ وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَن يَحْضُرُونِ ﴿٩٨﴾

''اے میرے رب! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اے میرے رب! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔'' (سورۃ المؤمنون۔ 98-97)



## کام کی بندش ختم کرنے کا وظیفہ

(مجرب)

کثرت کے ساتھ اس دعا کو پڑھیں۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝١٠

”اے ہمارے رب! ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما اور ہمارے معاملے میں ہمارے لیے درست رہنمائی (بھلائی کا راستہ) تیار فرما دے۔“ (سورۃ الکہف:10)

## دعا کی قبولیت کیلئے

(مجرب)

روزہ رکھیں رات کو قیام اللیل کریں جو بندہ روزہ کی حالت میں عصر کے بعد اللہ سے دعا کرتا ہے اللہ نفلی روزے کی برکت سے اس کی دعا قبول کر لیتا ہے۔

## ایسا وظیفہ کہ رزق کے انبار لگ جائیں


(مجرب)

صبح اور شام باقاعدگی سے پڑھیں۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ۔ (سو مرتبہ)

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ (سو مرتبہ)

درود ابراہیمی۔ (سو مرتبہ) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي۔ (سو مرتبہ)



## حافظہ میں اضافہ کیلئے

(مجرب)

سورۃ فاتحہ (11 مرتبہ)، درود ابراہیمی (11 مرتبہ)
تین تسبیح یہ دعا مکمل پڑھ کر پانی پر دم کریں بچوں کو بھی پلائیں اور خود بھی پئیں۔

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾

"اے میرے رب! میرا سینہ کھول دے، اور میرا کام میرے لیے آسان کر دے، اور میری زبان کی گرہ کھول دے، تاکہ وہ میری بات سمجھ سکیں۔" (سورۃ طٰہٰ :25 تا 28)


## نفسیاتی مسائل کیلئے

(مجرب)

صبح شام اول و آخر درود شریف اور روزانہ 313 دفعہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

"اللہ ہم آپ کو ان کے بال مقابل کرتے ہیں اور ان کے شر (برائیوں) سے آپ کی پناہ طلب کرتے ہیں۔" (سنن ابی داؤد:1537)



## بے مثال عزت، ترقی کیلئے

(مجرب)

دو کام اس طرح کے ہیں جن کے کرنے سے اللہ تعالیٰ نے مجھے اتنا نوازا ہے کہ جس کی کوئی مثال نہیں۔

ایک درود شریف کی کثرت خصوصاً بائیک پر سفر کے دوران۔

دوسرا جو میں ہوں لوگوں کو وہی دیکھانے کی کوشش کرتا ہوں۔

## دعا کی قبولیت اور بہترین مجرب وظیفہ

(مجرب)

تہجد کی نماز کے بعد اللہ سے دعا کریں۔

جو یقین کے ساتھ مانگیں گے اللہ عطا کردے گا۔ ان شاء اللہ

## کسی سخت مشکل میں مبتلا شخص یہ دعا کثرت سے پڑھے

(مسنون+مجرب)

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

''تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں، تو پاک ہے، یقیناً میں ظلم کرنے والوں سے ہوگیا ہوں۔'' (الانبیاء:87)



## پیچیدہ اور شدید بیماری سے نجات کی دعا

(مجرب)

(رَبِّ) اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ﴿۸۳﴾

''بے شک مجھے تکلیف پہنچی ہے اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم والا ہے۔'' (سورۃ الانبیاء(83))

پڑھنے والا اپنا تعلق اللہ سے مضبوط کرے اپنی کمی،کوتاہی دور کرے۔ اپنا عقیدہ ٹھیک کرے اور قرآن وسنت کو مضبوطی سے تھام لے۔ اسی میں نجات ہے۔

## ہر قسم کی دردوں کیلئے

(مجرب+مسنون)

اپنا ہاتھ درد والی جگہ پر رکھو، تین مرتبہ"بِسۡمِ اللّٰہِ- کہو،اورسات مرتبہ یہ دعا پڑھو:

أَعُوذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ.

''میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں اس چیز کی برائی سے جس کو پاتا ہوں اور جس سے ڈرتا ہوں۔'' (صحیح مسلم/کتاب السلام/حدیث:5737)



درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ نیچے درج آیت سات مرتبہ پڑھ کر
دم کریں ان شاءاللہ العزیز اللہ شفاء عطاء فرما دے گا۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾ (سورۃ الاسراء:105)

''اور ہم نے اس قرآن کو حق کے ساتھ اتارا اور یہ بھی حق کے ساتھ اترا۔
ہم نے آپ کو صرف خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔

## زہریلے جانور کے کاٹنے پر

(مجرب)

اگر کسی کو زہریلا جانور یا کیڑا کاٹ لے تو جہاں کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتے
ہوئے ایک سانس میں سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں ان شاءاللہ شفاء ہوگی۔

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ (سورۃ الشعراء:130)

''اور جب کسی پر ہاتھ، ڈالتے ہو تو سختی اور گرفت سے پکڑتے ہو۔''

## مختلف طبی وروحانی مسائل کیلئے

(مجرب)

اوّل وآخر 1-1 بار درود ابراہیمی اور درمیان میں سورۃ الطارق کی آخری
3 آیات (25 مرتبہ) اور اس کے بعد دعائیں بیماری وغیرہ سے نجات کیلئے



جو بھی آپ کو آتی ہوں وہ پڑھیں۔ ان شاءاللہ العزیز اللہ مختلف قسم کے طبی اور روحانی مسائل سے بہت جلد شفاء عطا کر دے گا۔

## نومولود بچہ ماں کا دودھ نہ پیتا ہو

(مجرب)

ماں وضو میں ہو، بچے کو گود میں لے کر یا دودھ پلانے سے پہلے یہ عمل کرے۔ سورۃ الفاتحہ 1 مرتبہ، آیت الکرسی 1 مرتبہ، سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے (چھاتی) پر دم کرے اور پھر بچے کو دودھ پلائے۔

## میاں بیوی اور گھریلو جھگڑے کیلئے


(مجرب)

کثرت سے یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا۔ (سنن ابی داؤد:969)

''اے اللہ، ہمارے دلوں میں الفت و محبت پیدا فرما۔''

اور دین اسلام میں جو میاں بیوی کے حقوق ہیں ان کو دائرہ اسلام میں رہتے ہوئے پورا کریں لڑائی تک بات ہی نہیں آئے گی ان شاءاللہ



# حلال رزق اور قرض کی ادائیگی کیلئے

(مجرب)

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ (صحیح مسلم:6926)

''اللہ پاک ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہے۔''

کثرت سے پڑھیں اور نوافل میں سجدے میں دعائیں پڑھنے کے بعد پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِي بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَأَغْنِنِي بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔


''اے اللہ تو ہمیں حلال دے کر حرام سے کفایت کر دے، اور اپنے فضل (رزق، مال و دولت) سے نواز کر اپنے سوا کسی اور سے مانگنے سے بے نیاز کر دے۔'' (سنن ترمذی3563)

ان شاء اللہ بہت جلد اللہ خیر کرے گا۔

نوٹ: یہ حدیث ضعیف ہے لیکن اس کے الفاظ ٹھیک ہیں ہم بطور دعا پڑھ سکتے ہیں۔

مزید نیچے درج یہ دعا کثرت سے پڑھتے رہا کریں:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ۔ (صحیح بخاری:6369)



''اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں غم والم سے، عاجزی سے، سستی سے، بزدلی سے، بخل، قرض چڑھ جانے اور لوگوں کے غلبہ سے۔''

## بھینس دودھ نہ دے یا نظر بد ہو تو

(مجرب)

آٹے کا پیڑا لیکر اس پر اوّل وآخر درود ابراہیمی اور سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں اور بھینس کو کھلا دیں تین دن تک دم جاری رکھیں کم از کم۔ ان شاءاللہ دودھ بھی آئے گا اور برکت بھی آئے گی اور گھر کا ہر فرد سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ کا ورد کرے کثرت کے ساتھ۔

## بیماری، پریشانی اور مشکلات کا نایاب مجرب روحانی حل

(مجرب)

کوئی بھی پریشانی ہو چاہے اولاد کی طرف سے پریشانی، قرض کی طرف سے پریشانی، یا حاسدین کی طرف سے پریشانی ہو تو درج ذیل دعائیں کثرت سے پڑھتے رہا کریں۔ ان شاءاللہ العزیز اللہ تعالیٰ تمام مشکلات کو آسان کر دے گا اور ہر شریر کے شر اور ہر بیماری سے شفاء عطاء فرما دے گا۔

اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُوْ. فَلَا تَكِلْنِي إِلٰى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ، وَأَصْلِحْ لِي شَأْنِي كُلَّهٗ. لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ۔ (صحیح ابن حبان:970)

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ. بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ۔ (سنن ترمذی:3524)



اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ۔ (بخاری:844)

اللهُ اللهُ رَبِّي لَا أُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا۔ (سنن ابی داؤد:1525)

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، سُبْحَانَكَ، إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ (سنن ترمذی:3505)

## ہر قسم کے غم سے نجات کیلئے

(مجرب)

اَللهُ اَللهُ رَبِّي لَآ أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا

"اللہ ہی میرا رب ہے، میں اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہراتا۔" (سنن ابی داؤد:1525)

صبح و شام سات سات مرتبہ پڑھیں ان شاءاللہ الرحمٰن اللہ پاک اپنی قدرت کاملہ سے ہر قسم کے غم سے نجات دے گا اور خیر کے سب دروازے کھول دیئے گا۔

## دشمن سے نجات کے لئے

(مجرب)

حَسْبِيَ اللهُ ۤ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾



"اللہ مجھے کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں نے اسی پر بھروسہ کیا، اور وہ عظیم عرش کا مالک ہے۔" (سورۃ التوبہ:129)

روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ الرحمٰن آپ کا دشمن آپ پر وار نہیں کر سکے گا۔

## ہر قسم کے فقر و فاقہ، بیماری، پریشانی سے حفاظت کیلئے

(مجرب)

قارئین کرام! جو بندہ یہ وظیفہ پڑھتا ہے اللہ پاک اسکو ہر قسم کی بیماری سے اور ہر قسم کے فقر سے محفوظ کر لیتے ہیں اور اسکو اپنے سادہ مکان میں وہ سکون عطا کر دیتے ہیں جو بادشاہوں کو محلوں میں بھی نصیب نہیں ہوتا۔

اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَ الْفَقْرِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔

"اے اللہ۔ میرے بدن، میری سماعت اور میری بینائی کو سلامتی عطا فرما۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے اللہ میں کفر اور فقر سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اور عذابِ قبر سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں تو ہی معبود برحق ہے۔" (سنن ابی داؤد:5090، مسند احمد:4785)



## ہر قسم کی مصیبت اور پریشانی کیلئے

(مجرب)

تیرہ دن تک ہمیشگی اختیار کرنی ہے عصر کی نماز باجماعت پڑھنی ہے اس کے بعد اذکار وغیرہ کرنے کے بعد پندرہ منٹ تک ادھر ہی بیٹھ کر یہ پڑھتے رہنا ہے۔ ان شاء اللہ العزیز اللہ بہت خیر کرے گا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ

''تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے، بے شک میں ظلم کرنے والوں میں سے ہو گیا ہوں۔'' (سورۃ الانبیاء: 87، جامع ترمذی: 3505)

(حضرت یونس علیہ السلام کی دعا)

## شوہر کام نہ کرتا ہو

(مجرب)

جس کا شوہر کام نہ کرتا ہو وہ عصر سے لیکر مغرب کے درمیان روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ پڑھیں:

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ ''اللہ خیر کرے گا۔ ان شاء اللہ۔''

''نہ گناہ سے بچنے کی طاقت ہے، نہ نیکی کرنے کی قوت، مگر اللہ کی توفیق سے۔'' (صحیح بخاری: 6409)

نوٹ: تعداد (313) تجرباتی عمل ہے، حدیث میں تعداد متعین نہیں۔



## بے نمازی اولاد کیلئے

(مجرب)

فجر کی نماز کے بعد ذکر و اذکار کرنے کے بعد اسی جگہ پر پندرہ بیس منٹ بیٹھ کر آپ نے یہ پڑھنا ہے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ۔

''نہ گناہ سے بچنے کی طاقت ہے، نہ نیکی کرنے کی قوت، مگر اللہ کی توفیق سے۔'' (صحیح بخاری: 6409)

## کام اور رزق حلال کیلئے

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ

''اللہ پاک ہے، اور تمام تعریفیں اسی کیلئے ہیں۔''


(بلوغ المرام: 1358)

روزانہ تیرہ سو مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ چند دنوں میں بہت خیر ہوگی۔

اور کثرت سے پڑھیں۔

رَبِّ إِنِّي لِمَآ أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ﴿٢٤﴾

''اے میرے رب! تو جو بھی بھلائی میری طرف نازل فرمائے، میں اس کا محتاج ہوں۔ (سورۃ القصص: 24)



## جب کچھ گم ہو جائے

(مجرب)

جب کچھ گم ہو تو نوافل وسنت میں سورۃ فاتحہ کے بعد دوسری سورۃ کی جگہ زیادہ سے زیادہ یہ پڑھیں۔

اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ۔ (سورۃ یوسف:86)

"میں اپنی پریشانی اورغم کی فریاد صرف اللہ کے سامنے کرتا ہوں۔

## پرانی سے پرانی بیماری کیلئے

(مجرب)

اکتالیس سو دفعہ سورۃ فاتحہ صاف پانی پر دم کریں چاہے تین دن میں کرلیں اور پھر وہ پانی استعمال کریں اللہ خیر کرے گا۔

شرط یہ ہے کہ باوضو ہونا ہے:


## تیز حافظہ کیلئے (مجرب)

دس دس مرتبہ ہر نماز کے اذکار کرنے کے بعد پڑھیں۔

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا۔

"اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔" (سورۃ طٰہٰ:114)

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ۔ (صحیح بخاری:6409)



"گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت صرف اللہ کی طرف سے ہے۔

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾


"اے میرے رب! میرا سینہ کھول دے، اور میرا کام میرے لیے آسان فرما، اور میری زبان کی گرہ کھول دے، تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں۔" (سورۃ طٰہٰ: 25 تا 28)

## بیٹے/بیٹی کے رشتوں کیلئے مجربات وظائف

### لمحہ فکریہ (روحانی نصیحت):

کتنے افسوس کا مقام ہے کہ ہم "امتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم" ہونے کا دعویٰ تو کرتے ہیں، مگر نکاح جیسے مقدس بندھن میں ہم نے رب کے بنائے ہوئے دین کے بجائے انسانوں کی بنائی ہوئی "ذات پات اور برادری" کو رب کا قانون بنا لیا ہے۔ ڈریں اس وقت سے جب اللہ کے حضور پیش ہوں گے۔ اگر ہم نے محض جھوٹی انا اور برادری کے بتوں کی خاطر نیک سیرت رشتوں کو ٹھکرایا، تو یہ یاد رکھیں کہ ہم سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نہیں بلکہ جاہلیت کے رواج کی پیروی کر رہے ہیں۔ اسلام میں عزت کا معیار برادری نہیں بلکہ "کردار" ہے۔ اپنی اولاد کو برادری کی بھینٹ نہ چڑھائیں، بلکہ انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے "دین و اخلاق" کے سائے میں رخصت کریں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہیں کوئی ایسا شخص شادی کا پیغام دے،



جس کی دین داری اور اخلاق سے تمہیں اطمینان ہو تو اس سے شادی کر دو۔ اگر ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں فتنہ اور فساد عظیم برپا ہوگا۔ (ترمذی:1084)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بیوہ عورت کا نکاح اس وقت تک نہ کیا جائے جب تک اس کی اجازت نہ لی جائے اور کنواری عورت کا نکاح اس وقت تک نہ کیا جائے جب تک اس کی اجازت نہ مل جائے۔ (بخاری:5136)

یاد رکھیں! نیک شریکِ حیات اللہ کا انعام ہے، اسے دعا، استخارہ اور سنتِ نبوی ﷺ کے ذریعے تلاش کریں تا کہ گھر سکون کا گہوارہ بنے۔ اللہ تعالیٰ تمام بیٹیوں کے نصیب اچھے کرے اور بیٹوں کو باکردار بنائے۔ آمین۔

## رشتہ نہ ملتا ہو تو

(مجرب)


جس کا رشتہ نہ ملتا ہو وہ بھی اور سب گھر والے بھی فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان دو مرتبہ "عَمَّ یَتَسَآءَلُوْنَ" مکمل سورۃ پڑھیں۔

## بیٹی کے رشتے کیلئے

(مجرب)

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿۲۴﴾

"اے میرے رب! تو جو بھی بھلائی میری طرف نازل فرمائے، میں اس کا محتاج ہوں۔" (سورۃ القصص:24)



روزانہ کم از کم سو مرتبہ پڑھیں۔ کچھ دنوں میں ان شاءاللہ خیر ہوگی اور ہر نفل نماز میں سلام پھرنے سے پہلے بچی یا سارے گھر والے سات مرتبہ یہ پڑھے۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿٨٩﴾

''اے میرے رب! مجھے اکیلا نہ چھوڑ، اور تو سب سے بہتر وارث ہے۔'' (سورۃ الانبیاء، آیت 89)

## رشتے کی پریشانی کیلئے


### (مجرب)

کثرت سے پڑھیں۔

رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿١٠﴾

''اے ہمارے رب! ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا فرما، اور ہمارے معاملے میں ہمارے لیے درست رہنمائی (راہِ راست) کا انتظام فرما دے۔'' (سورۃ الکہف:10)

جتنی کثرت سے پڑھیں گئیں اتنا زیادہ جلدی سبب بنے گا۔ ان شاءاللہ



# اولاد کیلئے مجربات وظائف

اولاد صرف اللہ دیتا ہے، درباروں پر ماتھے ٹیکنا اور پیروں کے ہاتھوں اپنا ایمان و آبرو برباد کرنا جہنم کو دعوت دینا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم کوئی چیز مانگو تو صرف اللہ سے مانگو، جب تم مدد چاہو تو صرف اللہ سے مدد طلب کرو۔ (جامع ترمذی:2516)

ہمارے معاشرے میں اولاد نہ ہونے پر عورت کو منحوس سمجھا جاتا ہے یا اسے ذلیل کیا جاتا ہے، جو کہ سراسر جہالت ہے۔ یاد رکھیں! تمام مومنوں کی ماں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی کوئی اولاد نہ تھی، لیکن وہ کائنات کی سب سے معزز اور علم والی خاتون تھیں۔ بانجھ پن اللہ کی حکمت ہے، گناہ یا عیب نہیں۔ لہذا کسی بھی عورت کو اولاد نہ ہونے پر طعنہ دے کر اللہ کے غضب کو دعوت نہ دیں۔


آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کی ہے، وہ پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے، جسے چاہتا ہے بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے بیٹے عطا کرتا ہے۔ (سورۃ الشوریٰ:49)

## لمبے عرصے سے اولاد سے محروم حضرات کیلئے

(مجرب)

(حدیث کا حوالہ جات دعا کے الفاظ کیلئے دیا گیا ہے)

عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز حاجت کے پڑھیں اور بعد میں لمبا





سجدہ کریں اور سجدہ میں کم از کم سو دفعہ

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ۔

"اے میرے رب، مجھے معاف فرما۔" (سنن نسائی:1146)

آہستہ آہستہ پڑھیں اور سلام پھیرنے کے بعد ہاتھ اٹھا کر اللہ سے دعا کریں پندرہ بیس منٹ اللہ کو اللہ کے ناموں کا وسیلہ ڈالیں اللہ میں کمزور ہوں میری بس ہوگئی ہے مجھے خیر عطا فرمادے میری جھولی کو بھر دے یہ دعا چند دن کریں۔ اللہ خیر کرے گا ان شاء اللہ

## بانجھ عورت یا مرد کیلئے مجرب وظیفہ

اولاد کے حصول کیلئے چالیس دن تک روزانہ 313 مرتبہ یہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ بہت خیر کردے گا۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿۸۹﴾

"اے میرے رب مجھے اکیلا نہ چھوڑ، اور بے شک تو ہی بہترین وارث ہے۔" (سورۃ الانبیاء:89)

## اللہ سے بیٹا مانگنے کا مجرب وظیفہ

نوافل/سنتیں جب ادا کریں تو آخر میں سلام پھیرنے سے پہلے ساری دعائیں پڑھ کر سات مرتبہ پڑھیں۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿۸۹﴾



''اے میرے رب! مجھے اکیلا نہ چھوڑ، اور بے شک تو ہی بہترین وارث ہے۔'' (سورۃ الانبیاء:89)

## اولاد کے حصول کیلئے مجرب وظیفہ

روزانہ عشاء کی نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھیں۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ (سورۃ الصافات:100)

''اے میرے رب مجھے (لڑکا) عطا کر جو نیکوں سے ہو۔''

استغفار کو لازم پکڑیں اور تہجد ٹائم اٹھ کر اللہ سے دعا مانگیں اور اس آیت کو کثرت سے پڑھیں۔

اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ


''میں اپنے اندر کے درد و غم اور اپنے سارے دکھ صرف اللہ ہی سے بیان کرتا ہوں۔'' (سورۃ یوسف:86)

## حصول اولاد کیلئے مجرب

عشاء کی نماز کے بعد اول آخر درود شریف اور سو مرتبہ پڑھیں اللہ اپنی خاص رحمت سے نواز دے گا۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ (سورۃ الصافات:100)

''اے میرے رب مجھے (لڑکا) عطا کر جو نیکوں سے ہو۔''



## ہر قسم کی نظر بد، حسد، جادو وغیرہ کیلئے مجربات وظائف

جادو محض ایک برائی نہیں بلکہ کفر اور شرک کا راستہ ہے جو انسان کی دنیا اور آخرت دونوں برباد کر دیتا ہے۔ قرآن و حدیث میں اس کے بارے میں انتہائی سخت وعیدیں آئی ہیں۔

نبی کریم ﷺ نے جادو کو ان گناہوں میں شمار کیا ہے جو انسان کی عاقبت تباہ کر دیتے ہیں۔

حدیث مبارکہ: ''سات ہلاک کر دینے والے گناہوں سے بچو۔''

صحابہ کرام نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! وہ کون سے ہیں؟


آپ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کے ساتھ شرک کرنا اور جادو کرنا۔'' (صحیح بخاری: 2766)

جادو پر یقین رکھنے والا یا اسے کرنے والا اور کروانے والا اللہ کی رحمت اور جنت سے دور کر دیا جاتا ہے۔

حدیث مبارکہ: ''تین شخص جنت میں داخل نہ ہوں گے: ہمیشہ شراب پینے والا، رشتہ داری توڑنے والا اور جادو کی تصدیق کرنے والا (یعنی اس پر یقین رکھنے والا)۔'' (مسند احمد: 19569)

اسلامی ریاست میں جادوگر کی سزا انتہائی سخت ہے تاکہ معاشرہ اس فتنے سے پاک رہے۔

حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ): آپ نے اپنے گورنروں کو حکم لکھ کر بھیجا تھا



کہ: ''ہر جادوگر اور جادوگرنی کو قتل کر دو۔'' راوی کہتے ہیں کہ پھر ہم نے (اس حکم کے تحت) تین جادوگروں کو قتل کیا۔ (سنن ابی داؤد: 3043)

حضرت جندب (رضی اللہ عنہ): رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جادوگر کی سزا تلوار سے اس کی گردن اڑا دینا ہے۔ (جامع ترمذی: 1460)

## حاصل کلام:

جادو کرنے اور کروانے والا چاہے کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو اس کا انجام ذلت اور رسوائی ہے۔ اور ان شاء اللہ اس کی موت کے لمحات عبرتناک ہوتے ہیں۔ اوپر بیان کردہ احادیث ہمیں خبردار کرتی ہیں کہ اپنے مسائل کے حل کے لیے کبھی بھی جادو یا عاملوں کا رخ نہ کریں، بلکہ صرف اللہ کی پناہ مانگیں۔

## یہ کرلو حسد، جادو نہیں ہوگا

ہر نماز کے بعد ایک ایک دفعہ اور صبح شام کے اذکار میں تین تین دفعہ معوذات پڑھ لیں رات کو سوتے وقت تین دفعہ پھر پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک کر جسم پر پھیر لیں۔ (سنن الترمذی: 3575)

## پرانے سے پرانا جادو کیلئے

(مجرب)

صبح شام سو مرتبہ پڑھیں اور زندگی کا معمول بنالیں۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ،



وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، سلطنت اسی کی ہے، تمام تعریفیں اسی کے لیے ہیں، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔'' (صحیح مسلم:2691)

## ہر شریر، جادو، حسد، نظر سے روزانہ حفاظت

(مجرب)

اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھیں


اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْهِمْ بِمَا شِئْتَ۔

''اے اللہ مجھے ان کے شر و نقصان سے اپنے اختیار و مرضی کے مطابق خالص حفاظت عطا فرما۔'' (صحیح مسلم:3005)

## پرانے سے پرانا جادو، نظر بد کیلئے

(مجرب)

ایک تسبیح سورۃ فاتحہ کی ساتھ سورۃ بقرہ کی آخری دو آیات گیارہ مرتبہ اور سو مرتبہ سورۃ قلم کی آخری دو آیات پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اور سب گھر والے وہی پانی استعمال کریں۔



## جادو کے خاتمے کیلئے غسل کا طریقہ

(مجرب)

سورۃ فاتحہ (41 مرتبہ)، آیت الکرسی (41 مرتبہ)

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ

مِنَ الظَّالِمِيْنَ۔ (41 مرتبہ)

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّي لَا أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا۔ (41 مرتبہ)

اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي۔ (41 مرتبہ)

اوّل آخر درود ابراہیمی پڑھ کر پانی پر اس طرح دم کریں کہ پھونک کے ساتھ تھوک بھی شامل ہو۔

پھر اس پانی سے غسل کرلیں۔ ان شاء اللہ بہت خیر ہوگی۔

## ہر قسم کے جادو جنات سے حفاظت کیلئے

(مجرب)

کلونجی کا تیل لیکر سورۃ فاتحہ (7 مرتبہ)

سورۃ المؤمنون کی آیات 115 سے 118 (7 مرتبہ)

سورۃ الشمس (41 مرتبہ) چاروں قل (7 مرتبہ)

یہ سب پڑھ کر کلونجی کے تیل پر دم کریں اور ہفتے میں ایک دفعہ سر پر لگالیں اور ہر دوسرے دن بیری کے پتے پانی ابال کر غسل کیا کریں۔



## بچوں کو نظر لگ جائے تو

(مجرب)

سات مرتبہ سورۃ فاتحہ، سورۃ مزمل تین مرتبہ، چاروں قل 3،3 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ اپنی خاص رحمت سے شفاء عطاء فرمادے گا۔

## بچوں کو نظر بد اور پیلے یرقان کیلئے

(مجرب)

سورۃ فاتحہ سات مرتبہ، درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ، سورۃ بقرہ کی آخری دو آیت سات مرتبہ، سورۃ القلم کی آخری دو آیت سات مرتبہ، سورۃ الصفات کا پہلا رکوع 1 مرتبہ پڑھ کر پانی پر اور بچے پر دم کریں۔ ان شاء اللہ بہت خیر کرے گا۔

## جادو توڑنے والی قرآنی آیات

سورۃ طٰہٰ (68-70)

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ۝٦٨ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ
تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ
السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝٦٩ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا
بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ۝٧٠

"ہم نے کہا: ڈرو نہیں، یقیناً تم ہی غالب رہو گے اور جو کچھ تمہارے دائیں ہاتھ میں ہے اسے ڈال دو، وہ ان کے بنائے



ہوئے کو نگل جائے گا، بے شک انہوں نے جو کیا ہے وہ ایک جادوگر کا فریب ہے، اور جادوگر جہاں بھی آئے کامیاب نہیں ہوتا۔ پس جادوگر سجدے میں گر پڑے اور کہنے لگے ہم ہارون اور موسیٰ کے رب پر ایمان لے آئے۔"


سورۃ یونس (82-81)

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾

"جب انہوں نے (اپنا جادو) ڈال دیا تو موسیٰ نے کہا: یہ جو تم لائے ہو جادو ہے، یقیناً اللہ اسے باطل کر دے گا، بے شک اللہ فساد کرنے والوں کے عمل کو درست نہیں کرتا۔ اور اللہ اپنے کلمات کے ذریعے حق کو ثابت کر دیتا ہے، چاہے مجرموں کو کتنا ہی برا لگے۔"

سورۃ الاعراف (122-117):

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾



''اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ اپنی لاٹھی ڈال دو، تو وہ فوراً ان کی گھڑی ہوئی جھوٹی چیزوں کو نگلنے لگی۔ پس حق ثابت ہو گیا اور جو کچھ وہ کر رہے تھے باطل ہو گیا۔ چنانچہ وہیں مغلوب ہو گئے اور ذلیل ہو کر پلٹ گئے۔ اور جادوگر سجدے میں گرا دیے گئے۔ انہوں نے کہا ہم رب العالمین پر ایمان لے آئے۔ جو موسیٰ اور ہارون کا رب ہے۔''


سورۃ الفلق:

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝۱ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝۲ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝۳ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝۴ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝۵

''کہہ دیجیے: میں صبح کے رب کی پناہ مانگتا ہوں۔ ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔ اور گرہ (لگا کر ان) میں پھونکنے والیوں کے شر سے اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔''

سورۃ الناس:

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ النَّاسِ ۝۲ اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝۴ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝۵ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝۶



''کہہ دیجیے! میں لوگوں کے رب کی پناہ مانگتا ہوں۔لوگوں کے بادشاہ کی۔لوگوں کے معبود کی۔وسوسہ ڈالنے والے، پیچھے ہٹ جانے والے کے شر سے۔جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔چاہے وہ جنوں میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔''

طریقہ دَم:

پانی کا ایک برتن یا بوتل لیں، یہ آیات ترتیب سے پڑھیں، ہر آیت کے بعد پانی پر ہلکی آواز میں ''پھونک'' ماریں۔وہ پانی روز صبح نہار منہ پی لیں۔

## آسیب کا مجرب علاج

(مجرب)

سورۃ فاتحہ،آیت الکرسی اور سوۃ الجن کی پہلی پانچ آیات پڑھ کر مریض کے چہرے اور بائیں کان میں پھونک ماریں۔اور جس گھر میں آسیب ہو اس گھر کے چاروں کونوں میں پھونک ماریں۔ان شاءاللہ آسیب دفع ہوجائے گا۔


## اکابر علماء کرام کے ذاتی مجرب وظائف

## بڑی سے بڑی پریشانی کے حل کیلئے مجرب

شیخ ابو یاسر عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ:

أَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ۔

''میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں، جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں،



جو زندہ ہے اور سب کا قائم رکھنے والا ہے، اور میں اسی کی طرف توبہ کرتا ہوں۔" (سنن ابی داؤد:1517، سنن ترمذی:3577)

کثرت سے پڑھیں۔ اللہ ہر پریشانی دور کر دے گا ان شاء اللہ

## کوئی مسئلہ یا پیسے پھنسے ہوں

### شیخ محترم مفتی عبدالوکیل ناصر صاحب:

کسی سے پیسے لینے تھے جو مل نہیں رہے تھے تو ایک دن میں سلف صالحین کے متعلق پڑھ رہا تھا کہ جب کوئی مسئلہ ہوتا تو ایک دن میں وہ ایک ہزار مرتبہ استغفار پڑھتے تو میں نے بھی اس دن ہمت کر کے 1000 مرتبہ استغفار پڑھا تو اللہ کے فضل سے وہ بندہ رات کو خود میرے گھر آ کر پیسے دے گیا تھا۔


## کسی بھی مشکل کام کو آسان بنانے کیلئے

### شیخ محترم ابو انس طیبی صاحب:

یہ دعا کثرت سے پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا، وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلًا.

"اے اللہ کوئی چیز آسان نہیں مگر وہ جسے تو آسان کرے، اور تو چاہے تو غم بھی آسان کر دیتا ہے۔"



ابن حبان نے اسے صحیح الصحیح (صحیح ابن حبان) میں روایت کیا ہے۔(2427)

اور استغفار کو لازم پکڑیں

میری زندگی میں جب بھی کوئی بڑی سے بڑی مشکل آئی ہے تو اللہ نے اس دعا کے ذریعے مجھے اس مشکل سے آسانی سے نکالا ہے۔

## بڑے بڑے غموں کے پہاڑ اور مشکلات سے نکالنے والا مجرب وظیفہ

### شیخ محترم وقاص شیرازی صاحب:

یہ وظیفہ میں کثرت سے کرتا ہوں اللہ تعالیٰ نے اس کی برکت اور خاص رحمت سے مجھ سے بڑے بڑے غموں کے پہاڑوں کو دور کیا یے بڑی بڑی مشکلات سے نکالا ہے اور لوگوں کے دلوں میں اللہ نے میرے لیے ہمدردی پیدا فرما دی۔

اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُو فَلَا تَكِلْنِي إِلَى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ وَأَصْلِحْ لِي شَأْنِي كُلَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ.

”اے اللہ، میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں، پس مجھے ایک پل (پلک جھپکنے) کے لیے بھی میری ذات پر نہ چھوڑ، اور میرے تمام امور کو ٹھیک کر دے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔“

(صحیح ابن حبان۔حدیث نمبر۔970)



## ہر قسم کی مشکلات اور آسانیوں کے حصول کیلئے

### شیخ اویس ادریس العاصم:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾

''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے، بے شک میں ظالموں میں سے تھا۔'' (سورۃ الانبیاء:87)

عشاء کی نماز کے بعد 313 مرتبہ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ان شاء اللہ اللہ تمام مشکلات کو آسانیوں میں بدل دے۔

یہ مجھے بابا جی صوفی عیش صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے دیا تھا اور فرمایا پتر اس وظیفہ سے آپ اپنے ہاتھ پر درخت بھی اگانا چاہو تو اگ جاے گا۔ان شاء اللہ

## دعا کی قبولیت کیلئے

### شیخ عبدالرازاق زاہد گھمن صاحب:

میرا تجربہ یہی ہے کہ سجدے کی حالت میں جو بھی دعا کی جائے عام طور پر وہ قبول ہوتی ہے۔اب وہ دعا کیا ہونی چاہیے یہ حالات کے مطابق فیصلہ کیا جاتا ہے۔اور دعا عربی میں کرنی ہے۔



## زندگی کا نچوڑ: پانچ عظیم تسبیحات

### قاری منشاء بلال حفظہ اللہ تعالیٰ:

میری پوری زندگی کا نچوڑ انہی پانچ تسبیحات میں ہے

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ

''اللہ پاک ہے اور اسی کی تعریف کے لائق ہے۔''

أَسْتَغْفِرُ اللهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ.

''اللہ سے بخشش مانگتا ہوں اور اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔''

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ.

''اللہ پاک ہے، اسی کی تعریف ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں،
اور اللہ سب سے بڑا ہے۔''

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ.

''کوئی طاقت اور قوت اللہ کے بغیر نہیں۔''

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ مکمل درود ابراہیمی

### نصیحت:

کم از کم 24 گھنٹوں میں 100 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔ یہ وہ خزانے ہیں جو دل کو سکون، زبان کو پاکیزگی، رزق کو کشادگی اور زندگی کو برکت دیتے ہیں۔



## کسی بھی مشکل میں

### شیخ ابوضیاء تنزیل عابد صاحب:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے، بے شک میں ظالموں میں سے تھا۔" (سورۃ الانبیاء:87)

کم از کم 100 دفعہ دن میں لازمی پڑھیں

میرا ذاتی تجربہ ہے جو کام تین سال تک نہ ہوا۔ چوتھی دفعہ جب میں نے سو دفعہ روزانہ پڑھنا شروع کیا اس کی برکت اور رحمت سے اللہ کے حکم سے میرا وہ کام بہت اچھا ہو گیا۔

## دل و زندگی کی مشکلات، گھٹن، مایوسی کا مجرب وظیفہ

### شیخ ابو زرعہ احمد بن احتشام:

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ

"اللہ مومنوں کا ولی ہے، وہ انہیں اندھیروں سے روشنی میں نکال دیتا ہے۔" (سورۃ البقرہ، آیت 257)

اس آیت کو کثرت کے ساتھ روزانہ کی بنیاد پر پڑھیں ان شاء اللہ خیر ہی خیر ہوگی۔



## کسی بھی گم شدہ چیز کیلئے

### قاری انعام الرحمٰن گوجرانولہ:

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ

"بے شک ہم سب اللہ کے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔" (سورۃ البقرہ:156)

کثرت سے پڑھنے سے گم شدہ چیز مل جاتی ہے

## بیمار بچوں کیلئے مجرب

ایک دوست نے بتایا کہ میں نے مولانا عبدالرشید مجاہد آبادی رحمہ اللہ سے تذکرہ کیا کہ بیٹے کی طبیعت کچھ خراب ہے تو حضرت نے وظیفہ لکھ کے دیا۔

سورۃ الفاتحہ: 40 مرتبہ


درود ابراہیمی: 40 مرتبہ

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ (40 مرتبہ)

"ایک سلام ہے (امن اور رحمت کا پیغام) جو رحمت والے رب کی طرف سے ہے۔"

سورۃ یٰس، آیت نمبر 58۔

اس کے بعد بچے پر دم کر دے۔



## ہر قسم کے جادو جنات نظر حسد کیلئے مجرب وظیفہ

(مجرب)

### شیخ محترم (سعودی عرب):

سورۃ بقرہ کی 102 نمبر آیت　　سورۃ یونس کی 81 اور 82 نمبر آیت

سورۃ فاتحہ　　آیت الکرسی

سورۃ مومنون کی آخری 4 آیات　　چاروں قل

ان سب کو 41 مرتبہ علیحدہ علیحدہ پڑھ کر

پانی پر تیل پر کلونجی کے دانوں پر دم کریں۔ کلونجی کے دانے کوئلے پر رکھ کر گھر میں دھونی دیں۔ بیری کے پتوں پر دم کریں۔ اس سے غسل کریں۔

## آدھے سر کی درد کا مجرب وظیفہ

### قاری اسداللہ حفظہ اللہ حاصل پور:

دس سال پہلے میرے آدھے سر میں درد بہت زیادہ ہوتا تھا اس وقت ایک میرے دوست تھے قاری راشد مقصود صاحب بورے والا کے بہت زیادہ میڈیسن کھانے کے باوجود سر کا درد نہیں جا رہا تھا اس وقت انہوں نے مجھے بتایا تھا کہ تہجد کی نماز پڑھا کرو تو میں یقین جانے تھوڑے دن ہی تہجد کی نماز پڑھی تو وہ سر کا درد چلا گیا یہ سب سے بہترین جو چیز میں نے نوٹ کی



ہے اپنی زندگی میں اس کے بعد کبھی بھی وہ سر کا درد نہیں ہوا۔

## تنگی، پریشانی اور رزق کیلئے

### شیخ بلال بشیر صاحب کراچی:

استغفار اور درود ابراہیمی کثرت سے پڑھنے سے تنگی سے پریشانی سے مصیبتوں سے اللہ تعالیٰ نجات دے دیتا ہے اور رزق میں برکتیں عطاء فرما دیتا ہے۔

## بھینس، گائے اگر دودھ نہ دیتی ہو تو

(مجرب)


### شیخ ابو انس طیبی صاحب:

سورۃ فاتحہ (3 مرتبہ)

أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي، لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔ (3 مرتبہ)

''اے لوگوں کے رب! بیماری اور تکلیف دور فرما، اور شفاء عطا فرما، تو ہی شافی ہے، تیرے سوا کوئی شفاء نہیں، ایسی شفاء عطا فرما جو بیماری کو مکمل طور پر ختم کر دے اور باقی نہ رہے۔'' (صحیح مسلم:2191)

پڑھ کر دم کرتے ہیں اور اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ اے اللہ اس پاک



کلام کو تو شفاء کا ذریعہ بنادے اور اس جانور سمیت تمام جانوروں کو شفاء عطا فرما دے۔ آمین۔

## حافظ عبدالسلام بھٹوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا بتلایا مجرب وظیفہ

کوئی بھی مسئلہ، پریشانی، ڈر، خوف، جناتی، جادو، والے معاملات کیلئے مجرب۔


## اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ

اکتالیس دن تک مسلسل پڑھ کر دم کریں اپنے اوپر یا مریض کے اوپر۔۔ اگر مسئلہ پیچیدہ ہو تو کچھ ماہ تک اس کو جاری رکھیں۔ سورۃ فاتحہ شفاء ہے اور صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین بھی مختلف امراض میں سورۃ فاتحہ پڑھا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ مکمل پریشانیوں سے نجات عطاء فرما دے گا ان شاءاللہ

## قرآن مجید کتاب شفاء

مفتی جماعت، شارح صحیح بخاری مولانا عبدالستار الحماد ﷾ فرماتے ہیں کہ اگر آپ درج ذیل قرآنِ کریم کی سات منتخب سورتیں و آیات کو مستقل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے کی عادت بنالیں، تو کوئی بیماری آپ کے قریب نہیں آئے گی۔ ان شاءاللہ۔

یہ دم کرنا نہایت آسان ہے اور مؤثر بھی۔ مولانا ﷾ خود فرماتے ہیں کہ اللہ نے ہمیشہ مجھے اسی دم سے شفاء دی ہے، حتیٰ کہ گھٹنوں کا درد بھی ہمیشہ کے لیے ختم ہو گیا۔



1 سورۃ الفاتحہ (7 مرتبہ)

2 سورۃ البقرہ کی ابتدائی 5 آیات (7 مرتبہ)

3 آیت الکرسی (7 مرتبہ)

4 سورۃ الکافرون (7 مرتبہ)

5 سورۃ الاخلاص (7 مرتبہ)

6 سورۃ الفلق (7 مرتبہ)

7 سورۃ الناس (7 مرتبہ)

قرآنِ کریم کی سات منتخب سورتیں و آیات روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور اللہ سے شفاء طلب کریں۔ اللہ تعالیٰ ہر بیماری سے حفاظت فرمائے اور صحت و عافیت عطا فرمائے، آمین



## درود ابراہیمی کا وظیفہ

(مجرب)

### شیخ ابوانس طیبی صاحب:

درود پاک کثرت سے پڑھنے کے بھی بہت سے فوائد ہیں یعنی شدید مرض اور پریشانی میں بہت سکون ملتا ہے اور تکلیف کم ہو جاتی ہے۔

## گھر میں جناتی، شیطانی اثرات سے گندی بدبو آئے تو

(مجرب)

### شیخ ابوانس طیبی صاحب:


گھر میں گندی بدبو آئے مطلب جس گھر میں آسیب، یا اثرات وغیرہ ہوں تو اس گھر میں گندی بدبو آتی ہے زیادہ تر۔ جیسے گٹر بند یا باتھ روم وغیرہ کی ہوتی ہے۔

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

''میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔''

اور

آیۃ الکرسی چند بار پڑھیں تو یہ براترین اثر ختم ہو جائے گا کچھ دن پہلے بہن کے گھر میں بیٹھے اسی طرح کی کیفیت تھی تو یہ دم پڑھنے سے گندی بدبو





والی کیفیت ختم ہوگئی تھی۔ الحمدللہ رب العالمین

## گھر میں پیسوں، سامان کا غائب اور شیطانی چیزوں کا تنگ کرنا

(مجرب)

### شیخ ابو انس طیبی صاحب:


ہمارے پڑوس ایک خاتون رہتی ہے۔ وہ میرے پاس آئی اور پریشان ہو کر کہنے لگی کہ میں پرس میں پیسے رکھتی بھی نہیں ہو پھر بھی مزید روز کے روز بڑھتے جاتے ہیں یا گھر سے پیسے چوری ہوتے رہتے ہیں اور اسی طرح جب آدھی رات کا ٹائم ہوتا ہے تو میرے دیور کے نمبر سے روز مجھے فون آنے لگتا ہے اور بار بار ایسا ہوتا ہے۔ اور یہ شیطانی، جناتی چیزیں تھیں جو تنگ کرتی تھیں اور فساد برپا کرنا چاہتی تھیں اور یہ پریشان کن مسئلہ ہے۔

تو میں نے ان کو کہا کہ سب سے پہلے عقیدہ درست کریں نماز کی پابندی کریں اور غیر شرعی چیزوں کو اپنے گھر سے نکالیں تصویریں یا کتا وغیرہ

ساتھ میں آپ اپنے پرس کو بسم اللہ پڑھ کر بند کیا کریں اور یہ پڑھ کر دم کیا کریں کثرت سے۔

سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی، آخری تینوں قل مکمل

بِسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ، اللهُ يَشْفِيكَ بِسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ۔



''اللہ کے نام سے میں تم پر دم کرتا/کرتی ہوں ہر اُس چیز سے جو تمہیں نقصان پہنچا سکتی ہے، ہر نفس، ہر نظر، یا حسد کرنے والے کے شر سے اللہ تمہیں شفا دے، اللہ کے نام سے میں تم پر دم کرتا/کرتی ہوں۔'' (صحیح مسلم:2186)


أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ۔ (صحیح البخاری:3371)

''میں اللہ کے کامل کلمات کی پناہ مانگتا ہوں ہر شیطان اور ہر زہریلے/شرارے سے، اور ہر نقصان پہنچانے والی نظر سے۔''

## سورۃ بقرہ کی آخری دو آیات

اور جب بھی اپنے گھر داخل ہونا ہے بسم اللہ پڑھ کر داخل ہونا اور بسم اللہ پڑھ کر دروازے بند کرنے ہیں۔ اور برتنوں کو ڈھانپ کر رکھا کریں۔ تو کچھ وقت کے بعد جب ان سے دوبارہ ملاقات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ الحمداللہ جو بھی کیفیت اور پریشانی تھی اللہ نے اپنی رحمت سے دور کردی ہے گھر میں کوئی بھی اس طرح کے معاملات اب نہیں ہوتے۔

نوٹ: کمی ہمارے اندر ہے کہ ہم اللہ کے ساتھ خالص لگاؤ نہیں رکھتے احکامات اور فرائض کی پاسداری نہیں کرتے، پاکی اور ناپاکی کا خیال نہیں رکھتے۔



## برائے تسہیلِ ولادت

بعض مشائخ کی کتابوں سے ماخوذ مجرب وظیفہ:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الۡعَظِيۡمُ الۡحَلِيۡمُ الۡكَرِيۡمُ

سُبۡحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوَاتِ وَرَبِّ الۡاَرۡضِ وَرَبِّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِيۡمِ ۔ (بخاری شریف:6346)

كَاَنَّهُمۡ يَوۡمَ يَرَوۡنَهَا لَمۡ يَلۡبَثُوۡۤا اِلَّا عَشِيَّةً اَوۡ ضُحٰهَا ﴿٤٦﴾


(سورۃ النازعات:46)

كَاَنَّهُمۡ يَوۡمَ يَرَوۡنَ مَا يُوۡعَدُوۡنَ ۙ لَمۡ يَلۡبَثُوۡۤا اِلَّا سَاعَةً مِّنۡ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلۡ يُهۡلَكُ اِلَّا الۡقَوۡمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ﴿٣٥﴾

(الاحقاف:35)

اِذَا السَّمَآءُ انۡشَقَّتۡ ۙ﴿١﴾ وَاَذِنَتۡ لِرَبِّهَا وَحُقَّتۡ ۙ﴿٢﴾ وَاِذَا الۡاَرۡضُ مُدَّتۡ ۙ﴿٣﴾ وَاَلۡقَتۡ مَا فِيۡهَا وَتَخَلَّتۡ ۙ﴿٤﴾ وَاَذِنَتۡ لِرَبِّهَا وَحُقَّتۡ ؕ﴿٥﴾ (سورۃ الانشقاق:1-5)

اَللّٰهُمَّ لَا سَهۡلَ اِلَّا مَا جَعَلۡتَهٗ سَهۡلًا وَاَنۡتَ تَجۡعَلُ الۡحَزۡنَ اِذَا شِئۡتَ سَهۡلًا ۔ (ابن حبان:974)



## جب بچہ اپنی ماں کا دودھ نہ پیئے

### شیخ محترم عبدالوکیل ناصر صاحب:

درج ذیل قرآنی آیات پڑھ کر بچے اور ماں پر دم کریں۔ ان شاء اللہ بہت زیادہ خیر و برکت ہوگی۔

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾


''کیا یہ لوگ اللہ کے دین کے سوا کوئی اور دین چاہتے ہیں۔ حالانکہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی موجود ہے سب چار و ناچار اسی کے تابع فرمان ہیں اور سب کو اسی کی طرف پلٹنا ہے۔''

(سورۃ آل عمران، آیت 83)

وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾

''اور جو شخص اسلام (فرمانبرداری) کے سوا کوئی اور دین چاہے تو اس سے ہرگز قبول نہ کیا جائے گا اور وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں ہوگا۔'' (سورۂ آل عمران آیت 85)

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ



رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ (سورۃ المؤمنون:115-118)

”تو کیا تم نے گمان کرلیا کہ ہم نے تمھیں بے مقصد ہی پیدا کیا ہے اور یہ کہ بے شک تم ہماری طرف نہیں لوٹائے جاؤ گے۔پس بہت بلند ہے اللہ، جو سچا بادشاہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، عزت والے عرش کا رب ہے۔اور جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو پکارے، جس کی کوئی دلیل اس کے پاس نہیں تو اس کا حساب صرف اس کے رب کے پاس ہے۔ بے شک حقیقت یہ ہے کہ کافر فلاح نہیں پائیں گے۔اور تو کہہ اے میرے رب! بخش دے اور رحم کر اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم والا ہے۔“

قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾ (سورۃ الملک:23)

”کہہ دیجئے کہ وہی اللہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہارے کان آنکھیں اور دل بنائے تم بہت ہی کم شکر گزاری کرتے ہو۔“

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ



لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝
(سورۃ یونس:57)

''اے لوگو! بے شک تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے عظیم نصیحت اور اس کے لیے سراسر شفا جو سینوں میں ہے اور ایمان والوں کے لیے سراسر ہدایت اور رحمت آئی ہے۔''

## نظر بد اور اس سے لاحق ہونے والے امراض کا تریاق

### شیخ محترم ابو انس طیبی صاحب:


بچوں کیلئے خاص یہ دم نظر بد اور نظر بد سے لاحق ہونے والے امراض کے لئے تریاق کا کام کرتا ہے۔ اس کے علاوہ یہی دم بخار، سر درد، داڑھ درد، پھنسی، چنڈری وغیرہ کے لئے کمال کا دم ہے

سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی، آخری تینوں قل مکمل پڑھ کر، پھر بچے کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دعائیں پڑھتا ہوں۔

بِاسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيكَ، مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ، مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنِ حَاسِدٍ، اللّٰهُ يَشْفِيكَ بِاسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيكَ۔
(صحیح مسلم:2186)

أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي، لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔ (صحیح مسلم:2191)

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ،



وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ۔ (صحیح بخاری:3371)

بِسْمِ اللهِ 3 مرتبہ

أَعُوذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ۔

(مسلم:2202) 7 مرتبہ

أَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيمَ، رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَشْفِيَكَ۔

(سنن ترمذی:2083) 7 مرتبہ

پڑھ کر بچے کے دائیں/ بائیں کان اور آنکھوں اور سر پر پھونک مار دیتا ہوں۔ اور اللہ سے دعا کر دیتا ہوں۔ میری زندگی کا تقریباً 20 سال کا عرصہ ہو گیا ہے مجھے یہ ہی پڑھ کر دم کرتے ہوئے۔ یہ میری زندگی کا معمول ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی خاص رحمت سے شفاء عطا فرما دیتا ہے۔



# میرا اپنا نایاب مجرب وظیفہ

جو بے روزگار ہو، کہیں کوئی کام/نوکری نہ ملتی ہو، وہ صبح کے ٹائم جب دھوپ نکل آئے اچھے سے تو کھلے میدان میں جہاں چاروں طرف کھلا ہو وہاں جا کر دو رکعت نفل نماز پڑھے اور اللہ سے خلوص دل اور یقین کے ساتھ دعا کرے، اپنے گناہوں کی معافی مانگے۔

اس کے بعد اگر وہی بیٹھنا ممکن ہو تو ٹھیک ورنہ کہیں سائیڈ پر ہو کر نفل نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھیں۔

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ۝۲۴

(سورۃ القصص:24)

''اے میرے رب تو جو کچھ بھلائی میری طرف اتارے میں اس کا محتاج ہوں۔''

یہ عمل تین دن تک لازمی کریں، مسلسل اس سے زیادہ بھی کر سکتے ہیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ خیر کرے گا اور بہت زیادہ نواز دے گا۔



# اختتامی روحانی نصیحت

تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس کے ذکر میں اضطرابِ قلب کا سکون ہے، جس کی یاد سے زندگی کی راہیں روشن ہوتی ہیں، اور جس کی رحمت کی وسعتیں ہمارے گمان سے بھی پرے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾ (الرعد:28)

''یاد رکھو اللہ کے ذکر سے ہی دلوں کو تسلی حاصل ہوتی ہے۔''

عزیزِ قدر!


یہ کتاب جہاں اپنے الفاظ اور موضوع پر ختم ہو رہی ہے، وہاں سے آپ کی روح کے ایک نئے سفر کا آغاز ہونا چاہیے۔ یہ محض وظائف کا مجموعہ نہیں، بلکہ اپنے خالق سے تعلق کو مضبوط کرنے کا ایک وسیلہ ہے۔ یاد رکھیے! وظائف اور اذکار تبھی اثر دکھاتے ہیں جب پکارنے والی زبان سچی ہو، اور تڑپنے والا دل اپنے رب کی طرف مائل ہو۔

## چند روشن ہدایات

### نماز کی پابندی:

نماز کو اپنی زندگی کا محور بنالیں کہ یہی عبد اور معبود کے درمیان وہ پل ہے جہاں بندگی اپنی معراج کو پہنچتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''نماز نور ہے۔'' (مسلم:223)



جس کا یہ نور بجھ گیا، اس کے وظائف کی تاثیر بھی ماند پڑ جاتی ہے۔

## سنت کی اتباع:

اپنے ایمان اور اعمال کو ہر اس گرد سے بچائیں جو بدعت یا غیر ثابت شدہ طریقوں کی صورت میں ہو۔ اصل نجات اور روحانیت وہی ہے جو اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کے در سے عطا ہوئی ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے ہمارے دین میں کوئی ایسی نئی بات نکالی جو اس میں سے نہیں، تو وہ مردود ہے۔ (مسلم:1718)

## خلوصِ نیت:

عمل کم ہو مگر اخلاص سے بھرا ہو تو پہاڑوں سے بھاری ہے، اور اگر عمل کا انبار ہو مگر دکھاوا شامل ہو جائے تو وہ غبارِ راہ سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔


## رزقِ حلال کی فکر:

اپنی زندگی میں حلال و حرام کی تمیز کو اوڑھنا بچھونا بنا لیں۔ پاکیزہ رزق ہی وہ مٹی ہے جس میں دعا کی قبولیت کا پودا پروان چڑھتا ہے۔ یاد رکھیے! جو جسم حرام سے پلا بڑھا ہو، وہ دعا کی مٹھاس سے محروم رہتا ہے۔

ہماری زندگی کا اصل مقصد دنیا کی اندھی تقلید میں گم ہونا نہیں، بلکہ اس ذات کی رضا حاصل کرنا ہے جس کے قبضے میں ہماری سانسیں ہیں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶۲﴾



''آپ فرما دیجئے کہ بالیقین میری نماز اور میری ساری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا یہ سب خالص اللہ ہی کا ہے جو سارے جہان کا مالک ہے۔ (الأنعام:162)

دعا:

اے ربِ کریم! میری اس کاوش کو شرفِ قبولیت عطاء فرما۔ اس کتاب کو لکھنے والے، اسے شائع کرنے والے اور پڑھنے والے ہر فرد کے لیے ہدایت، نور اور مغفرت کا ذریعہ بنا۔ ہمیں وہ دل عطا کر جو تیری یاد سے دھڑکے، وہ زبان دے جو تیرے ذکر سے تر رہے، اور وہ زندگی عطا کر جو تیری بندگی میں گزرے اور تیری رضا پر ختم ہو۔

آخر پر آپ سب سے دعا کی خصوصی درخواست ہے کہ اللہ مجھے، میرے والدین، میری زوجہ اور خصوصاً میرے بچوں کو صحت تندرستی عطا فرمائے اور حاسدین کی حسد اور ہر بری نظر سے محفوظ فرمائے اور ہم سے دین کا زیادہ سے زیادہ کام لے۔

آمین یارب العالمین۔

دعا گو.................!

محمد سلطان افضل گوجرانولہ

(ایڈمن اسلامی کتابیں)

0300-0839931



# نوٹس

فاذکرونی اذکرکم




اسلامی کتابیں

سیالکوٹ روڈ جگنہ بازار گوجرانوالہ

0300-0839931

